آزاد جموں وکشمیر بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن میر پور

نوٹیفکیشن:

جملہ سربراہان ادارہ جات (میڈیکل ٹیکنالوجی کالجز) کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تعلیمی سیشن 28-2026 کیلئے انٹرمیڈیٹ سال اول (میڈیکل ٹیکنالوجی گروپس) میں آن لائن رجسٹریشن کیلئے حسب ذیل شیڈول جاری کیا جاتا ہے۔ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی بمعہ جمع شدہ فیس چالان ارسید ہر مرحلہ کی بمطابق شیڈول ارسال کی جائے۔ شیڈول کے مغائر فیس جمع کروانے یا ریٹرن کی ہارڈ کاپی دفتر بورڈ وصول ہونے کی صورت میں تحت ضابطہ جرمانہ لاگو ہوگا۔ Proof Reading والی رجسٹریشن ریٹرن ہرگز قبول نہ ہوگی نیز ریٹرن کا مدہم اور غیر واضح پرنٹ بھی نا قابل قبول ہوگا۔ ریٹرن کی ایک کاپی بطور ریکارڈ اپنے پاس محفوظ کر لی جائے۔

	فیس	آن لائن رجسٹریشن کی ڈیٹا انٹری اور فیس جمع کروانے کی تواریخ	آن لائن رجسٹریشن کی ہارڈ کاپی مع چالان جمع کروانے کی آخری تاریخ
پہلا مرحلہ	-/5875 روپے فی امیدوار	25-08-2026 تا 25-09-2026	03-10-2026
دوسرا مرحلہ	-/10550 روپے فی امیدوار	26-09-2026 تا 26-10-2026	04-11-2026
تیسرا مرحلہ	-/15225 روپے فی امیدوار	27-10-2026 تا 16-11-2026	23-11-2026

رجسٹریشن فیس وسپورٹس فیس -/4675 روپے، پروسسنگ فیس 500 روپے، سند فیس 500 روپے، سکالرشپ فیس 200 روپے = ٹوٹل -/5875 روپے۔

1. **آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی تکمیل اور ضروری ہدایات۔**

(i) ہر ادارہ رجسٹریشن ریٹرن بورڈ کی ویب سائٹ www.ajkbise.edu.pk پر آن لائن بورڈ کی طرف سے مہیا کردہ اپنے ویب پیج کے ذریعے مرتب کرے گا۔ دوران فیڈنگ ریٹرن کسی بھی طرز کی مشکل پیش آنے کی صورت میں معلومات کیلئے بورڈ ہذا کے شعبہ کمپیوٹر سے فون نمبر 05827-960071 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ **مخلوط تعلیم کی اجازت نہ ہوگی**

(ii) بورڈ کی ویب سائٹ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ڈیٹا انٹری کیلئے 18-08-2025 تا 06-11-2025 تک کھلی رہے گی۔ شیڈول سے ہٹ کر داخلہ کی ہرگز اجازت نہ ہوگی۔

(iii) آن لائن رجسٹریشن سے متعلق کتابچہ جس میں تمام معلومات اور ہدایات درج ہیں، ویب سائٹ پر موجود ہے۔

(iv) تمام گروپس اور اختیاری مضامین کی تفصیل ایک علیحدہ صفحہ پر دستیاب ہے۔

(v) آن لائن رجسٹریشن ریٹرن مرتب کرنے سے پہلے ادارہ کے تمام طلباء/طالبات جو کہ رجسٹر کرنے مطلوب ہیں، کے درج ذیل کوائف ادارہ کے پاس ہونے ضروری ہیں۔ ریٹرن پر کوائف فارم ب اور میٹرک رجسٹریشن کے مطابق درج کیے جائیں۔

(ا) امیدوار کی نیلے رنگ کے بیک گراونڈ والی پاسپورٹ سائز تصویر (ب) "ب" فارم یا شناختی کارڈ (ج) میٹرک کا رزلٹ کارڈ / سند

(vi) آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی Proof Reading کا پرنٹ لے کر درج تمام کوائف اچھی طرح چیک کر لیں۔ ریٹرن ارسال کرنے کے بعد میں کوائف میں غلطی / تضاد / چھوٹ (Omission) کی درستی / تکمیل کیلئے -/1000 روپے فی غلطی، تضاد / چھوٹ فیس وصول کی جائے گی۔ موبائل سے لی گئی تصویر، ٹوپی، عینک، نقاب والی تصویر، غلط سکین شدہ تصویر اور تصویر بالکل نہ ہونے کی صورت میں فی تصویر کی درستی کیلئے -/1500 روپے فیس وصول کی جائے گی۔ تصویر درستگی تاریخ ارسالگی ریٹرن سے تین ماہ کے اندر کی جاسکے گی۔

(vii) سربراہ ادارہ آن لائن رجسٹریشن کے پرنٹ کے ہر صفحہ پر اپنے دستخط اور مہر ثبت کریں۔

2۔ داخلہ کے لیے امتحان ثانوی سائنس (بیالوجی کے ساتھ) کم از کم (فزکس، کیمسٹری اور بیالوجی کا مجموعی تناسب) 45% نمبرات ہونا ضروری ہیں۔ **میڈیکل ٹیکنالوجی گروپ میں ثانوی سطح پر استثنیٰ حاصل کرنے والے امیدواران کو داخلہ کی ہرگز اجازت نہ ہوگی**

(i) 45% سے کم نمبرات کے حامل طلباء وطالبات کو داخلہ ہرگز نہ دیا جائے۔ بصورت دیگر متعلقہ ادارہ ذمہ دار ہوگا۔

(ii) محکمانہ ملازمین امیدواران کی تین سال سروس اور عمر کی حد 18 تا 28 سال جبکہ دیگر امیدواران کی عمر کی حد 15 تا 23 سال کے درمیان ہونی چاہیے، کم از کم تعلیمی قابلیت میٹرک معہ سائنس سیکنڈ ڈویژن UNADJUSTUED اور سائنس مضامین (فزکس، کیمسٹری اور بیالوجی) کا مجموعی تناسب جو 45% سے کم ہو کو داخلہ کی ہرگز اجازت نہ ہوگی۔ محکمہ صحت کے ملازمین امیدواران کا متعلقہ انتظامی آفیسران، ڈی ایچ او / میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا اجازت نامہ منسلک کیا جائے۔

(iii) بورڈ کے ساتھ الحاق شدہ پرائیویٹ ادارے تجدیدی حکومتی منظوری، تجدید فیس چالان ارسید برائے الحاق کی مصدقہ نقل رجسٹریشن ریٹرن کے ساتھ ضرور ارسال کریں۔

(iv) امتحان ثانوی 2025ء سے قبل اور دیگر کسی بورڈ سے میٹرک پاس ہونے والے امیدواران سے بیان حلفی لے کر ارسال کیا جائے کہ اس نے قبل ازیں کسی بھی ادارہ میں داخلہ نہیں لیا اور پرائیویٹ طور پر رجسٹرڈ / شامل امتحان نہیں ہوا یا امتحان ثانوی پاس کرنے کے بعد آزاد کشمیر تعلیمی بورڈ یا دیگر کسی بورڈ میں انٹرمیڈیٹ کی سطح پر رجسٹریشن کیلئے رجوع نہیں کیا۔ بیان حلفی غلط ثابت ہونے پر تحت قواعد کارروائی کی صورت میں بورڈ کے ہر فیصلہ کا پابند ہوگا اور کسی عدالت سے رجوع نہیں کرے گا۔ غلط بیان حلفی دینے پر مبلغ -/5000 روپے تک جرمانہ رجسٹریشن کی منسوخی / ریٹرن مسترد کیے جانے کی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

(v) رجسٹریشن فیس متذکرہ بالا شیڈول کے مطابق جمع کروا کر آن لائن فیس چالان اور آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کا پرنٹ ہمراہ رزلٹ کارڈ / سند کی مصدقہ نقول بمطابق شیڈول دفتر بورڈ پہنچائی جائیں۔ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کا پرنٹ یا فیس چالان یا دونوں تاخیر سے موصول ہونے پر پہلے ماہ مبلغ -/2000 روپے اور اس کے بعد مبلغ -/300 روپے یومیہ کے حساب سے جرمانہ وصول کیا جائے گا۔

(vi) اگر کوئی رجسٹرڈ ادارہ کسی دوسرے غیر رجسٹرڈ اداروں کے طلباء/ طالبات کو اپنے طالب علم ظاہر کر کے رجسٹریشن ریٹرن ارسال کرنے کے جرم کا مرتکب پایا گیا تو اس ادارہ کی رجسٹریشن منسوخ کر دی جائے گی۔ یا ادارہ کو مبلغ -/35,000 روپے جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ اور غیر رجسٹرڈ ادارہ کے طلباء کی جمع شدہ رجسٹریشن فیس بھی بحق بورڈ ضبط کر لی جائے گی۔

(vii) اگر کوئی ادارہ طلباء وطالبات کی ڈبل رجسٹریشن کروائے گا / کروانے کی کوشش کرے گا تو فی طالب علم مبلغ ایک ہزار سے پانچ ہزار روپے تک جرمانہ / متعلقہ امتحان منسوخ کرنے کے علاوہ ادارہ کی رجسٹریشن منسوخ کر دی جائے گی۔

(viii) دیگر بورڈز سے میٹرک کا امتحان پاس کرنے والے صرف ان طلباء / طالبات کی رجسٹریشن کا پیج بنائیں جن کے NOC آپ کے پاس جمع ہو چکے ہوں۔ ایسے طلبہ وطالبات کی رجسٹریشن Other Board کیٹگری میں کی جائے اور ان کا اصل NOC اور میٹرک کے رزلٹ کارڈ کی مصدقہ کاپی رجسٹریشن ریٹرن کے ہمراہ ارسال کیا جائے۔ اگر کسی ایک طالب علم کا بھی NOC ارسال نہ کیا گیا تو پورا پیج پینڈنگ رہے گا جس کی تمام تر ذمہ داری ادارہ پر عائد ہوگی۔

(ix) آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کا پرنٹ ہر صورت بورڈ کو ارسال کیا جائے۔ آن لائن رجسٹریشن کے حوالہ سے فیس / جرمانہ جات آن لائن پرنٹ شدہ چالان پر ہی (Easy Paisa, HBL konnect, 1Bill) جمع کروائیں، چیک، بینک ڈرافٹ اور منیول چالان قبول نہیں ہوں گے۔ نیز سربراہ ادارہ شیڈول کے مطابق رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی مع جمع شدہ چالان / رسید اپنے ادارہ کے لیٹر پیڈ پر کورنگ (Covering) لیٹر کے ساتھ ارسال کریں۔

(x) Proof Reading والی رجسٹریشن ریٹرن ہرگز قبول نہ ہوگی اصل ہارڈ کاپی مہر و دستخط شدہ ارسال کرنا ہوگی نیز ریٹرن کا مدہم اور غیر واضح پرنٹ بھی نا قابل قبول ہوگا۔

3۔ **ریٹرن میں درستی کا طریقہ کار اور فیس کی ادائیگی۔**

(i) آن لائن رجسٹریشن کے پیج میں کسی قسم کی تبدیلی / درستی مذکورہ شیڈول کے اندر ہی ممکن ہوگی۔ درستی کے لیے آن لائن، پیج ایڈٹ کی Request کی جائے، پیج ایڈٹ پر کلک کرنے سے مبلغ -/2000 روپے فیس کا چالان پرنٹ ہوگا۔ فیس بینک میں جمع کروا کر چالان onlineinfo.ajkbise@gmail.com پر ای میل کیا جائے اور فون نمبر 05827-960071 پر اطلاع دی جائے۔ متذکرہ پیج ان لاک کر دیا جائے گا جس میں جو بھی درستی مطلوب ہو کر کے دوبارہ لاک کرنے کے بعد ریٹرن کا پرنٹ لے کر ارسال کریں۔

(ii) شیڈول گزر جانے کے بعد پیج ان لاک نہیں ہوگا، اس صورت میں درستی کوائف کے لیے مبلغ -/1000 روپے فی درستی فیس جمع کروا کر ادارہ اپنے لیٹر پیڈ پر مطلوبہ درستی کی حسب سابق تحریک کرے گا۔

4- **دوبارہ داخلہ (ری ایڈمیشن) کی شرائط (ری ایڈمشن کا شیڈول HSSC پارٹ - I کے نتیجہ کی اشاعت کے بعد جاری کیا جائے گا)**

(i) انٹر پارٹ اول کے رزلٹ کے بعد آن لائن ری ایڈمیشن کی سہولت دی جائے گی جس کے لیے الگ سے شیڈول جاری کیا جائے گا۔ اگر کوئی ایسا امیدوار جس نے سال اول کا امتحان پاس کیا ہو ری ایڈمشن لینا چاہے تو پہلے اس کے رزلٹ منسوخی کی درخواست مع دیگر لوازمات جناب کنٹرولر امتحانات کالجز سے رابطہ کیا جائے اور ری ایڈمیشن ریٹرن معہ فیس چالان ہمراہ منسوخی لیٹر مقررہ مدت کے اندر ارسال کرنا ہوگی۔

(ii) آن لائن ری ایڈمشن کیٹگری میں کوائف فیڈ کر کے پرنٹ نکال کر مطلوبہ فیس جمع کروائیں اور بروقت دفتر بورڈ ارسال کریں۔ ری ایڈمیشن فیس -/5175 روپے اور تبدیلی گروپ کی صورت میں تبدیلی گروپ

(جاری۔۔۔)

فیس مبلغ -/5500 روپے کل فیس مبلغ -/10650 روپے ہوگی۔

(iii) اگر کوئی طالب علم گیارہویں جماعت میں نامساعد حالات کی وجہ سے اپنا تعلیمی سلسلہ جاری نہ رکھ سکا ہو، اور نہ ہی اسے رول نمبر کا اجراء ہوا ہو یا گیارہویں جماعت کے امتحان میں غیر حاضر ہو یا ایک مضمون/مضامین میں 33% سے کم نمبرات حاصل کیئے ہوں تو وہ ری ایڈمشن حاصل کرنے کا اہل ہے۔ اس کی سابقہ رجسٹریشن بحال رہے گی۔ تاہم پاس امیدواران ری ایڈمیشن حاصل کرنے کیلئے نتیجہ کی اشاعت کے بعد جاری شیڈول کے مطابق اپنا نتیجہ منسوخ کروا کر ری ایڈمشن لے سکتے ہیں۔ نتیجہ منسوخی کی فیس -/2000 روپے مقرر ہے۔ نیز ایسے امیدوار اشامپ پیپر پر اس امر کا بیان حلفی تصدیق شدہ از مجسٹریٹ درجہ اوّل دیں گے کہ وہ کسی مرحلہ پر پوزیشن/انعام کے حقدار نہیں ہوں گے۔ (پوزیشن کے حقدار صرف وہ امیدواران ہوں گے جنہوں نے ادارہ میں پہلی مرتبہ داخلہ حاصل کیا ہوگا۔)

(iv) امیدوار نتیجہ کی منسوخی کیلئے درخواست مع بینک چالان کی کاپی اور اصل بیان حلفی کنٹرولر صاحب امتحانات کالجز کے نام اندر معیاد ارسال کریں۔

(v) امتحان انٹرمیڈیٹ سالانہ 2021 و مابعد سال اول میں شامل ہونے والے طلباء/طالبات جو پارٹ دوم/ کمپوزٹ امتحان میں شامل نہ ہوئے ہوں یا تعلیمی سیشن 27-2025 میں رجسٹرڈ ہونے والے امیدواران دوبارہ داخلہ (ری ایڈمشن) حاصل کرنے کے اہل ہیں۔ ری ایڈمیشن کی اجازت صرف ایک بار ہوگی۔

(vi) اگر کوئی امیدوار سال 2025ء میں پارٹ اول کے امتحان میں ریگولر شامل ہوا مگر کسی وجہ سے فرسٹ اینول 2025ء میں پارٹ دوم میں ریگولر طور پر شامل امتحان نہیں ہو سکا تو اسے آنے والے امتحان پارٹ دوم سیکنڈ اینول 2026ء میں ریگولر طور پر شامل ہونے کی اجازت ہوگی۔

5- **کالج ٹو کالج مائیگریشن**

کالج ٹو کالج مائیگریشن صرف امتحانی شیڈول کی ڈبل فیس کی آخری تاریخ تک کروائی جاسکتی ہے۔ مائیگریشن فیس کی عام شرح -/2000 روپے اور ارجنٹ فیس -/2500 روپے ہے۔

نوٹ:۔ کالج ٹو کالج مائیگریشن صرف online web portal کے ذریعے ہی ہوگی۔ ڈبل شیڈول کے بعد فارم داخلہ فیڈ نہ ہونے کی صورت میں عام فیس -/4000 روپے اور ارجنٹ فیس -/5000 روپے ہوگی

6- **گروپ کی تبدیلی**

7- میڈیکل ٹیکنالوجی میں گروپ تبدیلی کی فیس مبلغ -/5500 روپے ہوگی۔ فارم داخلہ فیڈنگ کے وقت گروپ تبدیلی کی ACCESS دی جائے گی۔

دیگر بورڈز میں متعلقہ ٹیکنالوجی میں رجسٹرڈ ہونے والے/شامل امتحان ہونے والے اُمیدواران مائیگریشن حاصل کرنے کی صورت میں بورڈ ہذا میں رجسٹریشن کیلئے میڈیکل ٹیکنالوجی کیلئے مقررہ رجسٹریشن فیس ادا کریں گے۔ سربراہ ادارہ ایسے طلباء و طالبات کو کالج لیونگ کے بعد اندر 30 یوم داخلہ دے کر اندر 15 یوم رجسٹریشن ریٹرن بورڈ ہذا میں پہنچانے کے پابند ہونگے۔ رجسٹریشن ریٹرن کے ہمراہ دوسرے بورڈ سے جاری شدہ NOC بصورت اصل اور کالج لیونگ سرٹیفکیٹ کی مصدقہ نقل ارسال کرنا ہوگی۔ تحت قواعد داخلہ نہ ہونے کی صورت میں رجسٹریشن ریٹرن مسترد کر دی جائے گی۔

8- **ری ایڈمیشن (FSC ٹو میڈیکل ٹیکنالوجی)**

اُمیدوار کی طرف سے کسی دیگر گروپ میں سال اول میں داخلہ حاصل کر کے سال اول میں شامل امتحان ہونے کے بعد یا بدوں امتحان دیئے جاری سیشن میں گروپ تبدیل کر کے ری ایڈمیشن حاصل کرنے کی صورت میں ری ایڈمیشن فیس مبلغ -/5175 روپے تبدیلی گروپ فیس مبلغ -/5500 کل مبلغ -/10650 روپے وصول کیئے جائیں گے۔

9- میڈیکل ٹیکنالوجی گروپ میں سال اول میں شامل امتحان ہونے والے طلباء طالبات بدوں تبدیلی گروپ صرف ری ایڈمیشن فیس -/5175 روپے جمع کروا کر دوبارہ داخلہ حاصل کرنے کے اہل ہونگے۔

10- دوسرے بورڈز سے آنے والے امیدوار اپنے سابقہ بورڈ میں ری ایڈمٹ ہونے کے بعد بورڈ ہذا میں سال اول میں دوبارہ داخلہ لے سکتے ہیں۔

11- تعلیمی سیشن 28-2026 میں حسب ذیل ٹیکنالوجی گروپس میں طلباؤ طالبات کی رجسٹریشن کی جائے گی۔

i-	میڈیکل لیب ٹیکنالوجی	ii-	آپریشن تھیٹر ٹیکنالوجی	iii-	ریڈیالوجی (ایکسرے) ٹیکنالوجی
iv-	ڈینٹل ہائی جین ٹیکنالوجی	v-	آپتھالمک ٹیکنالوجی	vi-	ڈسپینسنگ ٹیکنالوجی
vii-	کارڈیو ویسکولر ٹیکنالوجی				

نوٹ: اگر کسی ادارہ کے ذمہ تجدید رجسٹریشن، تجدید الحاق فیس، حکومتی منظوری یا کسی امیدوار کے ذمہ لوازمات بقایا ہو تو بعجلت ممکنہ ارسال کرنا ہوں گی۔ بصورت دیگر طلباء و طالبات کی رجسٹریشن کی کارروائی نہ ہوگی۔ رجسٹریشن کی کارروائی بروقت مکمل نہ کروانے کی صورت میں امتحانی داخلہ شیڈول تاخیر کا شکار ہونے کی تمام تر ذمہ داری سربراہ ادارہ پر ہو گی۔ دستاویزات کی عدم فراہمی / قواعد وضوابط جاری شیڈول کے برخلاف فیڈ شدہ امیدواران کی جمع شدہ فیس ناقابل واپسی اور بحق بورڈ ضبط تصور ہوگی نیز رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی بورڈ میں ارسال کرنے سے قبل رجسٹرداخل / خارج سے موازنہ اپڑتال کر لیں تاکہ کوئی امیدوار / امیدوارہ رجسٹریشن سے رہ نہ جائے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

(تسنیم زہرہ کیانی) 27/08/2026

سیکریٹری

نمبر بورڈ/رجسٹریشن: 2026/2261078 مورخہ: 27/08/26

نقل بالا بخدمت:

1- جناب پرنسپل سیکرٹری ہمراہ جناب وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔
2- پرائیویٹ سیکریٹری ہمراہ جناب وزیر ہائیرایجوکیشن آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔
3- پرائیویٹ سیکریٹری ہمراہ جناب سیکریٹری (ہائیرایجوکیشن/ایلیمنٹری وسیکنڈری ایجوکیشن) آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔
4- جناب ناظم اعلیٰ ہائیرایجوکیشن/ایلیمنٹری وسیکنڈری ایجوکیشن (مردانہ زنانہ) آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔
5- جناب ڈویژنل ڈائریکٹر (ہائیرایجوکیشن/ایلیمنٹری وسیکنڈری ایجوکیشن) میرپور/مظفرآباد/پونچھ ڈویژن۔
6- سسٹم انالسٹ صاحبہ بورڈ ہذا
7- ڈیٹا پراسسنگ آفیسر صاحب بورڈ ہذا
8- ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر صاحب میرپور بغرض اشاعت بطور خبر۔
9- ریجنل ڈائریکٹر صاحب آزاد کشمیر ریڈیو میرپور/راولاکوٹ/مظفرآباد۔
10- جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات (میڈیکل ٹیکنالوجی)
11- سیکریٹری صاحبان تعلیمی بورڈز لاہور/راولپنڈی/گوجرانوالہ/سرگودھا/فیصل آباد/ڈیرہ غازی خان/ملتان/بہاول پور/ساہیوال۔
12- نمائندگان PTV/APP، روزنامہ، نوائے وقت/جنگ/پاکستان/اوصاف/خبریں/انصاف/کائنات/اساس اجناح بغرض اشاعت بطور خبر۔
13- نیوز آڈیٹر صاحب آزاد کشمیر ریڈیو مظفرآباد/راولاکوٹ/میرپور۔
14- داخلی تقسیم/آفس آرڈر فائل/متعلقہ/نوٹس بورڈ۔